**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

2مئی2025ء

# پریس ریلیز

# بھارت کے ممکنہ حملہ کے منہ توڑ جواب کے لیے پاکستان اپنی تیاری مکمل رکھے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** بھارت کے ممکنہ حملے کے منہ توڑ جواب کے لیے پاکستان اپنی تیاری مکمل رکھے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت نے پہلگام میں ڈرامہ رچا کر جس قدر کشید گی کا ماحول پیدا کر دیا ہے اور پاکستان کے خلاف جو اقدامات اُٹھائے ہیں، اُن سے صرف پاکستان کا ہی نہیں بلکہ پورے خطے کا امن خطرے میں پڑ گیا ہے۔ لہٰذا پاکستان اس معاملے کو سنجیدگی سے لے اور مذموم بھارتی مقاصد کو ناکام بنانے کے لیے قبل از وقت تیاری مکمل رکھے۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام کے ڈرامے کے بعد بھارت نے پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کے ساتھ ساتھ جو اقدامات اُٹھائے ہیں، جن میں یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ کو منسوخ کرنے کا اعلان بھی شامل ہے ان کے خلاف حکومتِ پاکستان نے انتہائی چابک دستی کے ساتھ سفارتی مہم چلائی ہے۔ اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل میں بھارت کی خواہش کے مطابق قرارداد بھی منظور نہ ہو سکی اور پاکستان نے بھارت کے لیے اپنی فضائی حدود بھی بند کر دی ہیں ۔ پھر یہ کہ بھارت کو دھمکی دے دی گئی ہے کہ پاکستان بھی شملہ معاہدہ سمیت بھارت سے کیے گئے 40 دوطرفہ معاہدوں کو یکطرفہ طور پر ختم کر سکتا ہے۔ اطلاعات کے مطابق مشرقی سرحد پر فوج کی تعیناتی مکمل ہو چکی ہے اور حکومت کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے یہ بیان بھی دیا ہے کہ کسی ممکنہ حملہ کی صورت میں پاکستان بھارت کے خلاف ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ سب اقدامات کسی درجہ میں خوش آئندہ ہیں ۔ تاہم پاکستان کو اپنی سفارتی مہم کو مزید تیز کرتے ہوئے دنیا کے سامنے بھارت کا اصل چہرہ بے نقاب کرنے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی سرحدوں کو استعمال کرتے ہوئے بھارت شر انگیزی اور دہشت گردی کی پشت پناہی کر رہا ہے جس کی پوری تفصیل دنیا کے سامنے لائی جائے۔ انہو ں نے کہا کہ پاکستان کو اپنی پالیسیوں پر بھی نظرثانی کرنی چاہیے اور کم از کم اب تو یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ امریکہ، اسرائیل اور انڈیا کا ابلیسی اتحاد ثلاثہ پاکستان اور مسلم دشمنی پر مبنی ایک اتحاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس گھمبیر صورتحال کے باوجود بہرحال اب بھی وقت ہے، امریکہ کو خوش کرنے کے لیے چین اور امارت اسلامیہ افغانستان سے تعلقات مزید نہ بگاڑے جائیں بلکہ ان میں بہتری لائی جائے۔ المیہ یہ ہے کہ آج پاکستان سیاسی طور پر بدترین اندرونی خلفشار کا شکار ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ قوموں کے دفاع کے لیے عسکری اداروں اور عوام کا ایک پیج پر ہونا نا گزیر ہے۔ پاکستان اسلام کی بنیاد پر قائم کیا گیا تھا اور ملک کی بقاء اور سلامتی بھی اسلامی نظام کے نفاذ میں ہی مضمر ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کو صحیح معنوں میں اسلامی ریاست بنایا جائے تاکہ دشمن کی سازشوں کو مکمل طور پر ناکام بنایا جا سکے۔

**جاری کردہ**

رضاءالحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: 02 May 2025**

## Pakistan must remain fully prepared to deliver a robust response to any potential Indian aggression.

**Lahore (PR):** This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer remarked that India has created an atmosphere of extreme tension by orchestrating a staged incident in Pahalgam, and the actions it has since taken against Pakistan have endangered not only Pakistan's peace but that of the entire region. Therefore, he emphasized, Pakistan must take this situation seriously and ensure it is fully prepared in advance to thwart India's nefarious objectives. The Ameer further stated that following the Pahalgam episode, India has not only launched a propaganda campaign against Pakistan but has also taken measures such as unilaterally announcing the cancellation of the Indus Waters Treaty. In response, the Government of Pakistan has undertaken a swift diplomatic campaign. Notably, India failed to have a resolution passed in the United Nations Security Council in line with its ambitions. Additionally, Pakistan has closed its airspace to and from India. Pakistan has issued a stern warning that it reserves the right to unilaterally terminate as many as 40 bilateral agreements with India, including the Simla Accord. Reports suggest that Pakistan has completed the deployment of its military forces along the eastern border. A senior government official has even stated that, in the event of an attack, Pakistan reserves the right to use nuclear weapons against India. The Ameer remarked that while these developments are, to an extent, encouraging, Pakistan must intensify its diplomatic efforts to expose India's true face to the international community. He pointed out that India is backing subversive and terrorist activities by exploiting the borders of Balochistan and Khyber Pakhtunkhwa—details of which must be presented before the world. He also emphasized the need for Pakistan to reevaluate its policies, and at the very least, to recognize that the unholy alliance of the United States, Israel, and India is founded upon enmity toward Pakistan and the Muslim world. Despite the gravity of the current situation, he said, there is still time to mend relations with China and the Islamic Emirate of Afghanistan rather than worsening them in pursuit of US appeasement. Pakistan is currently plagued by severe political instability. History bears witness to the fact that national armies defense requires unity between the military and the civilian population. Pakistan was founded on the basis of Islam, and its survival and security lie in the implementation of an Islamic system. Therefore, it is imperative that Pakistan be transformed into a truly Islamic state to completely defeat the enemy's conspiracies.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**